# 2019 پبلک چارج کے حتمی اصول کے متعلق اکثر پوچھے جانے والے سوالات

11 اکتوبر 2019 کو ایک وفاقی جج نے قومی سطح پر ایک ابتدائی حکم امتناع جاری کیا جس کے تحت تا حکم ثانی نیا عوامی چارج کا اصول لاگو نہیں کیا جا سکتا۔ ہم اس مسئلے کی نگرانی جاری رکھیں گے او حالات میں تبدیلی کے ساتھ ساتھ اس معلومات کو اپ ڈیٹ کرتے رہیں گے۔

یہ معلومات صرف تعلیمی مقاصد کے لئے ہے، یہ قانونی مشورہ نہیں ہے اور نہ ہی اس کا متبادل ہو سکتی ہے۔ اگر آپ سمجھتے ہیں کہ پبلک چارج کا اصول آپ یا آپ کے خاندان پر اثر انداز ہو سکتا ہے تو ہم وکیل سے بات کرنے کے لئے آپ کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔

**پبلک چارج کیا ہے؟** پبلک چارج ہجرت کے عہدیداران کا اس معاملے میں لیا گیا فیصلہ ہے کہ آیا کوئی مہاجر بنیادی طور پر حکومت پر منحصر ہونے کا امکان رکھتا ہے۔

**کیا 2019 پبلک چارج کا اصول وظائف وصول کرنے کی اہلیت تبدیل کرتا ہے؟** نہیں۔ یہ وظائف کی اہلیت پر اثر انداز نہیں ہوتا اور اسے تبدیل نہیں کرتا۔

**اسے کب استعمال کیا جاتا ہے؟** جب کوئی شخص ویزا، قانونی مستقل رہائشی حیثیت (یعنی گرین کارڈ) یا حیثیت میں تبدیلی (یعنی غیر مہاجر ویزا رکھنے والا کوئی فرد اپنا قیام طویل کرنا چاہتا ہو یا اپنی حیثیت کسی اور غیر مہاجر حیثیت میں تبدیل کرنا چاہتا ہو) کے لئے درخواست دیتا ہے تو اسے استعمال کیا جاتا ہے۔ اسے ان قانونی مستقل رہائشیوں (گرین کارڈ کے حامل افراد) کے لئے بھی استعمال کیا جاتا ہے جو 180 یا زائد دنوں کے لئے ریاست ہائے متحدہ سے باہر جاتے ہیں۔

**اگر کسی کا بطور پبلک چارج تعین کیا جائے تو کیا ہو گا؟** اگر کسی کا بطور پبلک چارج تعین کیا جائے تو ریاست ہائے متحدہ میں داخل ہونے یا حیثیت تبدیل کرنے (یعنی ویزا سے گرین کارڈ میں) کی ان کی درخواست کے مسترد ہونے کا امکان ہے۔

**کیا پبلک چارج نیا ہے؟** نہیں۔ پبلک چارج کے تعین 1882 سے استعمال کیے جا رہے ہیں۔ پبلک چارج کا حالیہ اصول 1999 سے موجود ہے۔

**2019 کے پبلک چارج کے اصول میں کیا تبدیلیاں کی گئی ہیں؟** کئی اہم تبدیلیاں کی گئی ہیں:

<u>پبلک چارج کی تعریف</u>: تعریف کو "مستبقل میں حکومتی امداد پر بنیادی طور پر منحصر ہونے کا امکان رکھنے والا فرد" سے بدل کر "ایسا شخص جو 36 ماہ کے عرصے میں کل 12 ماہ سے زائد عرصے کے لئے ایک یا زائد عوامی وظائف وصول کرتا ہے" کر دیا گیا ہے۔ ہر وظیفہ 12 ماہ کے حساب میں شامل ہو گا۔

<u>عوامی وظائف</u>: پبلک چارج کے تعین میں شامل عوامی وظائف کو وفاقی، ریاستی اور مقامی نقد امداد اور وفاقی حکومت کی جانب سے ادا کردہ طویل مدتی نگہداشت کے لئے کسی ادارے میں داخل ہونے سے زیادہ وسعت دیتا ہے۔

<u>اضافی خصوصیات</u>: عوامی وظائف کے علاوہ ہجرت کے عہدیداران درخواست گزار کی کام کی سرگزشت، طبی حالت، عمر، آمدن اور اثاثہ جات، تعلیمی درجے، خاندان کے سائز اور انگریزی کی مہارت پر بھی نظر دوڑائیں گے۔

**2019 کے پبلک چارج کے اصول میں کیا عوامی وظائف شامل کیے گئے ہیں؟**

- آمدن برقرار رکھنے کے لئے ہر وفاقی، ریاستی، مقامی یا قبائلی نقد امداد؛
- ذیلی سکیورٹی آمدن (SSI)؛
- ضرورت مند خاندانوں کے لئے عارضی امداد (TANF)؛
- ذیلی خوراک میں مدد کا پروگرام (SNAP)؛
- 21 سال سے زائد عمر کے غیر حاملہ بالغین کے لئے میڈک ایڈ؛
- سیکشن 8 گھر کے انتخاب کے واؤچر پروگرام کے تحت رہائشی امداد؛
- سیکشن 8 پراجیکٹ پر مبنی کرایے میں امداد (بشمول معتدل بحالی)؛
- وفاقی امداد کے ساتھ عوامی رہائش۔

## 2019 پبلک چارج کے حتمی اصول کے متعلق اکثر پوچھے جانے والے سوالات *صفحہ 2 از 2*

**کیا پبلک چارج تمام مہاجرین پر لاگو ہوتا ہے؟** نہیں۔ یہ شہریت کے حصول کے عمل میں استعمال نہیں ہوتا جس کے ذریعے مستقل رہائشی (یعنی گرین کارڈ کے حامل افراد) .U.S کے شہری بننے کے لئے اپلائی کر سکتے ہیں۔ یہ .U.S کی شہریت یا گرین کارڈ کی تجدید کی درخواستوں پر اثر انداز نہیں ہوتا اگر گرین کارڈ کے حامل فرد نے 180 یا زائد دنوں کے لئے .U.S نہ چھوڑا ہو۔
پبلک چارج سے مستثنیٰ مہاجرین میں پناہ گزین؛ اسائلی؛ ٹریفکنگ، گھریلو تشدد، یا دیگر سنگین جرائم سے بھاگ نکلنے والے افراد (T یا U ویزا کے درخواست گزار/حامل)؛ VAWA کے خود درخواست دینے والے افراد؛ خصوصی نابالغ مہاجرین؛ اور .U.S میں ضمانت پر موجود مخصوص افراد شامل ہیں۔ ان میں سے کسی حیثیت کے دوران حاصل کیے گئے وظائف کا ان افراد کے خلاف شمار نہیں کیا جائے گا۔ ایکٹو ڈیوٹی سروس ارکان، بشمول .U.S کی مسلح فورسز کے تیار اثاثے (ریڈی ریزرو) میں موجود افراد اور ان کے شریک حیات اور بچے بھی مستثنیٰ ہیں۔

**کیا گھر کے دیگر ارکان، بشمول بچوں کے وصول کردہ وظائف کا شمار کیا جائے گا؟** نہیں۔ پبلک چارج صرف ان وظائف کا شمار کرتا ہے جن میں درخواست گزار براہ راست وصول کنندہ یا فہرست کے مطابق مستفید ہونے والا ہو۔ مثال کے طور پر اگر بچے وظائف وصول کرتے ہیں تو انہیں والدین کے خلاف شمار نہیں کیا جائے گا۔

**2019 کے پبلک چارج کے اصول میں کون سے عوامی وظائف شامل نہیں کیے گئے؟** دیگر وظائف اور پروگرامز کی درج ذیل فہرست پبلک چارج میں شامل نہیں کی گئی۔ یہ فہرست جامع نہیں ہے۔ صرف "2019 کے پبلک چارج کے اصول میں کیا عوامی وظائف شامل کیے گئے ہیں؟" کے سیکشن میں شامل وظائف 2019 کے پبلک چارج کے اصول میں شامل ہیں۔

- ہنگامی میڈیکیڈ (Medicaid)
- میڈیکیڈ کی فنڈ کردہ مگر معذور افراد کے تعلیمی ایکٹ کے تحت فراہم کردہ خدمات یا وظائف
- اسکول پر مبنی خدمات یا وظائف ان افراد کو دیے جاتے ہیں جو ریاستی یا مقامی قانون کے مطابق سیکنڈری تعلیم کے لئے اہل زیادہ سے زیادہ عمر کے یا اس سے چھوٹے ہوں (ورجینیا میں 20 سال عمر)
- 21 سال سے کم عمر فرد کے وصول کردہ میڈیکیڈ وظائف
- کسی عورت کی حمل کے دوران اور حمل کے آخری دن کے بعد 60 دن کی مدت تک وصول کی جانے والی میڈیکیڈ
- خواتین، شیر خوار اور بچوں کا پروگرام (WIC)
- FAMIS/FAMIS Plus

اس کے علاوہ آفت کی صورت میں امداد، مفت اور کم قیمت اسکول لنچ پروگرام، زمانۂ طالب علمی اور مورٹگیج کے قرضے، توانائی کی امداد، بے روزگاری کا بیمہ اور ہیڈ اسٹارٹ جیسے پروگرام شامل نہیں ہیں۔

**2019 کا پبلک چارج کا اصول کب سے لاگو ہوگا؟** 11 اکتوبر 2019 کو ایک وفاقی جج نے قومی سطح پر ایک ابتدائی حکم امتناع جاری کیا جس کے تحت تا حکم ثانی نیا عوامی چارج کا اصول لاگو نہیں کیا جا سکتا۔ ہم اس مسئلے کی نگرانی جاری رکھیں گے او حالات میں تبدیلی کے ساتھ ساتھ اس معلومات کو اپ ڈیٹ کرتے رہیں گے۔